B



# സമഗ്ര ശിക്ഷ, കേരളം

## വാർഷിക മൂല്യനിർണയം 2018 - 19

ക്ലാസ് : 7 | ഉർദു | സമയം : 2 മണിക്കൂർ

**പൊതു നിർദേശങ്ങൾ**

- ആദ്യത്തെ 15 മിനിറ്റ് സമാശ്വാസ സമയമാണ്. ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കുന്നതിന് ഈ സമയം ഉപയോഗിക്കേണ്ടതാണ്.
- നിർദേശങ്ങൾക്കനുസരിച്ച് ഉത്തരമെഴുതുക.
- തന്നിരിക്കുന്ന 6 പ്രവർത്തനങ്ങളിൽ 5 പ്രവർത്തനങ്ങൾക്ക് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- നാലാമത്തെ പ്രവർത്തനത്തിന് നിർബന്ധമായും ഉത്തരം എഴുതിയിരിക്കണം.

---

سرگرمی ۱

شالنی اپنی سہیلی صابرہ کے ساتھ اسکول جا رہی ہے۔ سڑک کے دونوں کنارے ہرے بھرے کھیت ہیں۔ کھیت کا نظارہ خوب صورت ہے۔ کھیت میں طرح طرح کے اناج اور ترکاریاں ہیں۔



بچّو، آپ نے کھیت دیکھا ہے نا؟

A کھیت سے تعلق رکھنے والے چار الفاظ لکھیے۔

B ان الفاظ کی مدد سے کھیت کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

سرگرمی ۲

کھیت میں کسان لوگ گیت گاتے گاتے کام کر رہے ہیں۔

نہیں کام کرنے سے ہم تھکنے والے
جہاں جانتا ہے کہ ہم ہیں جیالے
اندھیرے کی دنیا میں ہم ہیں اُجالے
کہ ہیں ہم بڑی سخت محنت کے پالے
قدم اپنا آگے بڑھاتے چلیں گے
زمانے کی بگڑی بناتے چلیں گے

A بچو، اس گیت سے دو ہم آواز الفاظ چن کر لکھیے۔

B کسان ہمارے لیے کیا کیا کرتے ہیں؟ اس گیت میں کسان کے بارے میں کیا کیا بتا رہے ہیں؟ گیت کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔

سرگرمی ۳

شالنی اور صابرہ اسکول پہنچیں۔ گھنٹی بجی اور کلاس شروع ہوا۔ ٹیچر ایک کہانی سنانے لگی۔

''ملاّ نصرالدّین کو حلوہ کھانے کا بڑا شوق تھا۔ ایک دن وہ بازار سے گزر رہا تھا۔ سامنے ایک حلوے کی دکان دیکھی۔ وہاں حلوائی نہیں تھا۔

وہ سیدھے دکان میں گھس گیا اور حلوہ نکال کر کھانے لگا۔ اتنے میں حلوائی آیا۔ چور کو دیکھ کر وہ شور مچانے لگا۔ 'چور چور!' لوگ لاٹھی لے کر آئے اور ملاّ نصرالدّین کو مارنے لگے۔ ........''

A بچو، کہانی غور سے پڑھیے اور اس میں سے دو سوالات تیار کیجیے۔
(اشارے : کون، کیا، کہاں، کیسے، کیوں)

B اس کہانی کے لیے ایک مناسب عنوان لکھیے۔

سرگرمی ۳

کلاس ختم ہوا۔ ٹیچر نے بچّوں کو ایک نوٹس دیا۔ شالنی نوٹس پڑھنے لگی۔

'صحت میں راحت'

دوستو،

آج کل ہمارے آس پاس طرح طرح کی بیماریاں پھیل رہی ہیں۔ تندرست رہنا ہر انسان کے لیے ضروری ہے، کیوں کہ یہ خدا کی بڑی نعمت ہے۔ اس سلسلے میں ہمارے اسکول میں ۲۰؍فروری ۲۰۱۹ء کو ایک میڈیکل کیمپ ہے۔ مشہور ڈاکٹر بُرہان علاج کرنے کے لیے تشریف لا رہے ہیں۔

آپ لوگ اس کیمپ میں شرکت کریں۔

وقت صبح دس بجے سے شام چار بجے تک۔

سکریٹری

ہیلتھ کلب

بچّو، نوٹس غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔

A یہ نوٹس کس کے بارے میں ہے؟

(a سالانہ جشن (b افتتاحی جلسہ (c میڈیکل کیمپ)

B علاج کرنے کے لیے کون تشریف لا رہے ہیں؟

C یہ پروگرام کہاں چل رہا ہے؟

(a اسپتال (b اسکول (c کلب)

D تندرست رہنا ہر انسان کے لیے کیوں ضروری ہے؟

exam WINNER

## سرگرمی ۵

شام کو شالنی اسکول سے گھر لوٹ رہی تھی۔ راستے میں اس نے ایک غریب آدمی کو دیکھا۔ اس کا کپڑا اپھٹا پرانا تھا۔ اسے دیکھ کر شالنی کو بڑا دکھ ہوا۔ وہ اس سے باتیں کرنے لگی۔

شالنی : چاچا! آپ کون ہیں؟

غریب آدمی : ..............................

شالنی : ..............................

غریب آدمی : ..............................

بچّو، شالنی اور غریب آدمی کی گفتگو آگے بڑھایئے۔

## سرگرمی ٦

شالنی گھر واپس آئی۔ اگلے ہفتے اسکول سے میسور کو تعلیمی سفر کے لیے جا رہے ہیں۔ شالنی اجازت مانگتے ہوئے اپنے ابّا جان کے نام خط لکھنا چاہتی ہے۔

بچّو، خط لکھنے میں شالنی کی مدد کیجیے۔

(اشارے : جگہ، تاریخ، آداب، خیریت، اجازت دیجیے، تعلیمی سفر)